© rasailojaraid.com



# حضرت شیخ الحدیثؒ

(حافظ محمد ابراہیم فانی مدرس دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک)

مخزنِ علم و عمل زہد و تقویٰ شیخ الحدیثؒ — معدن لطف و کرم حلم و حیا شیخ الحدیثؒ
رونقِ محراب و منبر نازشِ قوم و وطن — عکسِ عرفاں و یقیں وہ دلربا شیخ الحدیثؒ
جن کی شخصیت پہ ہے یوں ملّت بیضاء کو ناز — وہ زعیم ملک و ملّت مقتدا شیخ الحدیثؒ
عبدیت حقانیت ان کی جبیں سے آشکار — پیکر صبر و قناعت با وفا شیخ الحدیثؒ
خدمتِ دینِ متیں میں صرف کر دی زندگی — مرحبا اے خادم دینِ ہدیٰ شیخ الحدیثؒ
موجزن تھا جس کے دل میں دجلۂ عشقِ رسولؐ — مونسِ بیچارگاں درد آشنا شیخ الحدیثؒ
مشعل راہ ہدایت تاج بزم قدسیاں — خوش خصال و خوش لباس و خوش لقا شیخ الحدیثؒ
نصف صدی تک روشنیٔ علم پھیلاتا رہا — دورِ ظلمت کے لیے نور و ضیا شیخ الحدیثؒ
ناشر توحید و سنت عارف رمزِ قراں — زورِ باطل کے لیے شیرِ خدا شیخ الحدیثؒ
پیرویٔ سنتِ بیضا رہا جن کا لباس — وہ محبّ صادق خیر الوریٰ شیخ الحدیثؒ
عظمتِ اسلاف ان کی ہر ادا سے تھی عیاں — در حقیقت ہیں سراجِ اولیاء شیخ الحدیثؒ
حق شعار و حق نگہ حق آشنا حق گو ذکی — گوہرِ نایاب و درِّ بے بہا شیخ الحدیثؒ
چشمۂ فیض ہدیٰ و منبع جود و سخا — نیّر دیں صاحب صدق و صفا شیخ الحدیثؒ
جن سے راضی تھے ہمیشہ مہمانانِ رسولؐ — وہ شفیق و مہرباں لا انتہا شیخ الحدیثؒ
درسِ ترمذی بخاری میں تھے یکتا بے بدل — شاہِ ہفتِ اقلیمِ عرفاں پارسا شیخ الحدیثؒ
وہ مفسرِ حکمت و منطق میں ماہر وہ فقیہہ — اک خطیب بے نظیر و بے ریا شیخ الحدیثؒ
روز و شب تھا مشغلہ ان کا حدیثِ مصطفےٰ — ہے لقب ان کیلئے بالکل بجا شیخ الحدیثؒ
فقہ نعمانی میں کامل وہ طبیب درد دل — مرشد و عامل حکیم و رہنما شیخ الحدیثؒ
جن کے دم سے نام حق کی دھوم ایواں میں رہی — وہ شناسائے سیاست جانفزا شیخ الحدیثؒ
تشنگان علم کو ہے چشمۂ آبِ حیات — جامعہ حقانیہ جس پہ فدا شیخ الحدیثؒ

چار سو عالم میں فانیؔ جس کے شاگردوں کی دھوم
جس کے دم سے ہے جہاں میں شہرۂ دارالعلوم

---

© rasailojaraid.com